سوال

(88)اپنے لڑکے کا سابقہ بیوی کی لڑکی سے نکاح کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید نے ہندہ سے نکاح کیا اور خلوت صحیحہ کے بعد طلاق دے دیا۔ پھر ہندہ سے عدت عمرو نے نکاح کرلیا جس سے ایک لڑکی خالدہ پیدا ہوئی۔ سوال یہ ہے کہ کیا زید کے لڑکے بکر (زید کی سابق بیوی زینب ہے) سے کا نکاح عمرو کی لڑکی خالدہ سے جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید کے لڑکے بکر کا نکاح عمرو کی اس لڑکی (خالدہ) سے جائز ہے کیونکہ یہ محرمات مذکورہ فی القرآن والحدیث میں داخل نہیں ہے اور حرمت کیکوئی وجہ یہاں متحقق نہیں ہے۔ ارشاد
وَأُحِلَّ لَكُم مَّا وَرَاءَ ذَٰلِكُمْ (النساء: 24)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔ کتاب النکاح

صفحہ نمبر 210

محدث فتویٰ